**11.09.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............عبدالواحد

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندرمودی اور روس کے صدر ولادیمیرپتن نے اٹھارھویں برکس سربراہ میٹنگ سے پہلے آج نئی دلّی میں دوطرفہ بات چیت کی۔ اس دوران، مختلف سیاسی، اقتصادی، دفاعی، توانائی اور مقامی وعالمی موضوعات پر ہوئی پیشرفت پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے تنازعات کےحل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری پر زور دیا۔

☆ وزیر اعظم نے ایران کے صدر اور اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل سے بھی دو طرفہ ملاقاتیں کیں۔

☆ برکس رُکن ممالک کے سربراہان نے برکس کاروباری فورم کے رہنما اجلاس میں شرکت کی۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ برکس کی معاشی طاقت، باقی دنیا سے دوگنی رفتار سے بڑھی ہے۔

☆ ایران کے حمایت یافتہ حوثی باغیوں نے بحرِ احمر کے نزدیک باب اَل مندیب میں واقع اسٹریٹجک اعتبار سے اہم یمن کے **Mayun** جزیرے پر قبضہ کرلیا ہے۔

☆ اور ہاکی میں، مردوں کی جونیئر بھارتی ٹیم، چین کے **Moqi** میں ملیشیا کو شکست دے کر ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Fur Rev PM Bilaterals BRICS***

وزیر اعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے آج شام نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں دوطرفہ بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے سیاسی، معاشی، دفاعی، توانائی، خلائی، ہنرمندی، موبیلٹی اور عوام سے عوام رابطوں کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ دونوں رہنماؤں نے بات چیت کے دوران، بھارت اور روس کے درمیان خصوصی اور مراعات یافتہ اسٹریٹجک ساجھیداری کو مزید مستحکم کرنے کی کوششوں میں مصروفِ عمل رہنے سے اتفاق کیا۔ وزیر اعظم مودی نے اِس بات کو پھر دہرایا کہ مذاکرات اور سفارتکاری ہی تنازعات کے حل کا واحد راستہ ہے اور بھارت امن کی کوششوں میں تعاون کیلئے ہر طرح سے تیار ہے۔

اس دوران روس کے صدر ولادیمیرپوتن نے وزیر اعظم کو 24ویں بھارت–روس سالانہ چوٹی میٹنگ کیلئے روس دورے کی دعوت دی، جسے وزیر اعظم نے قبول کرلیا۔ سربراہ میٹنگ کی تاریخیں، باہمی رضامندی سے طے ہوں

گی۔ جناب مودی نے میٹنگ کے دوران جناب پوتن کو قدیم تمل کلاسکی شاعر اور فلسفی **Thiruvalluvar** کی تصنیف کردہ کتاب **Thirukkural** کا روسی ترجمہ تحفے میں پیش کیا۔

## India Iran Bilateral

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بھارت کے پرانے مؤقف کو دہرایا ہے کہ تمام مسائل بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔ جناب مودی نے آج نئی دلّی میں برکس سربراہ میٹنگ **2026** کے موقع پر ایران کے صدر مسعود پیزشکیان کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔ دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا کے حالیہ واقعات پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔

میٹنگ کے دوران جناب مودی نے خطے میں دیرپا امن و استحکام، بحری آمد و رفت کا تحفظ اور جہاز رانوں کی حفاظت اور بہبود کو یقینی بنانے کی مستقل کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے مشکل حالات کے باوجود برکس سے متعلق اعلیٰ سطحی میٹنگ میں شرکت کیلئے ایران کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم نے برکس سربراہ میٹنگ **2026** کے موقع پر اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل اینٹونیو گُتریس کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ بھی کی۔**x**

## Leaders Session BRICS Business Forum

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ برکس ممالک، عالمی جدت طرازی اور حل کے اہم مراکز کے طور پر ابھر رہے ہیں۔ برکس کاروباری فورم کے دوران آج شام نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں برکس رہنماؤں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ برکس کی اقتصادی قوت، باقی دنیا کی قوت سے دوگنی رفتار سے بڑھی ہے۔

**S/B 2100 PM on BRICS GDP**

وزیر اعظم نے میک اِن انڈیا، اِنوویٹ وِتھ اِنڈیا اور اسکیل فار دی ورلڈ کی بات کہی۔ جناب مودی نے کہا کہ عالمی تجارت تبھی ممکن ہوسکتی ہے جب سمندری راستے محفوظ ہوں، سمندری راستے کھلے ہوں اور جہاز رانوں کا تحفظ ہوسکے۔

**S/B 2100 PM Modi SEA**

اِس دوران، روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کہا ہے کہ برکس ممالک، دنیا کی آبادی میں آدھے سے زیادہ کی حصے داری رکھتے ہیں اور اِسی لئے اِن ممالک میں بڑے پیمانے پر درخشاں اور متحرک گھریلو بازار دستیاب ہیں۔

جنوبی افریقہ کے صدر سِرل راما فوسا نے کہا کہ عالمی خطۂ جنوب کو مینوفیکچرنگ، ٹیکنالوجی اور قدر کی تخلیق کی قیادت کرنی ہوگی۔ جناب راما فوسا نے یکطرفہ پابندیوں پر تشویش کا بھی اظہار کیا۔ ایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے مشورہ دیا کہ رُکن ممالک کے درمیان تجارت کیلئے قومی کرنسیوں کا استعمال اہم اقدامات میں سے ایک ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ یہ قدم، کرنسی جوکھم کے انتظام اور باہمی تصفیے کیلئے ضروری نظام کے قیام کے ساتھ اٹھایا جانا چاہیئے۔ برازیل کے وزیر خارجہ **Mauro Vieira** نے کہا کہ اپنی حالیہ توسیع کے ساتھ ہی برکس نے خود کو دنیا کی

درخشاں اور خوشحال معیشتوں کو یکجا کرنے والے پلیٹ فارم کے طور پر پیش کیا ہے۔

اِس دوران، کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے اپنے خطاب میں کہا کہ برکس کی بھارتی صدارت کے تحت یہ فورم پورے بلاک کے رُکن ممالک کے درمیان متوازن تجارت اور تجارتی امکانات کی تلاش کے حصول کی خاطر واضح مقصد سے تحریک پا رہا ہے۔x

## BRICS Summit

نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں کَل ہونے والی اٹھارھویں برکس سربراہ میٹنگ کی سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی، عالمی رہنماؤں بشمول روس کے صدر ولادیمیر پتن، چین کے صدر شی چن فنگ، جنوبی افریقہ کے صدر سِرل راما فوسا، مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی، انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto، ایران کے صدر مسعود پیزشکیان اور ابوظہبی کے ولی عہد شہزادے شیخ خالد بن محمد بن زائد النہیان کی میزبانی کریں گے۔ بھارت کی برکس صدارت2026 کا موضوع ہے ''مضبوط، اختراع، تعاون اور پائیدار ترقی کا قیام۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Suparna Saikia**

برکس سربراہ میٹنگ کیلئے نئی دلّی سبھی کی توجہ کا مرکز ہے کیونکہ قومی راجدھانی عالمی رہنماؤں کی میزبانی کیلئے تیار ہے۔ اس دوران، کَل ہونے والی سربراہ میٹنگ کے دوران برکس رُکن ممالک کے رہنما ''شمولیاتی عالمی حکمرانی اور کثیر جہتی استحکام'' پر تبادلہ خیال کریں گے۔ برکس رُکن ممالک بھارت منڈپم میں، بھارت اِنوویٹس نمائش کا بھی مشاہدہ کریں گے۔ اِس دوران، برکس رُکن ممالک کے رہنما مشترکہ طور پر شجرکاری کریں گے، جس کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی اُن کے عشائیے کی میزبانی کریں گے۔ اِس دوران وزیر اعظم مودی برکس سربراہ میٹنگ کے تناظر میں برکس رہنماؤں کے ساتھ سلسلے وار دو طرفہ ملاقاتیں کریں گے۔برکس کی بھارتی صدارت کے تحت بھارت، مختلف اراکین کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کرے گا، ساتھ ہی موجودہ میکانزم کی اثرپذیری کو بھی مستحکم بنانے کی کوشش کرے گا، وہیں بھارت کا مقصد برکس کو زیادہ شمولیاتی عالمی آرڈر ترتیب دینے میں تعمیری قوت بنانا بھی ہے۔

نئی دلّی سے Suparna Saikia کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Delhi Traffic 12th Sep

برکس سربراہ میٹنگ کے پیشِ نظر کل قومی راجدھانی دلّی کی اہم سڑکوں پر ٹریفک کی پابندیاں، راستوں کی تبدیلی اور آمد و رفت کو منظم کرنے کے اقدامات کیے جائیں گے۔ یہ پابندیاں رات سوا آٹھ بجے سے گیارہ بجے تک

برقرار رہیں گی۔ اِس دوران انڈیا گیٹ، کرتویہ پتھ، جَن پتھ، منڈی ہاؤس، تِلک مارگ، بھگوان داس روڈ، متھرا روڈ اور پرگتی میدان سمیت قریبی راستوں پر ٹریفک کے خصوصی ضوابط نافذ ہوں گے۔ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنے سفر کی پیشگی منصوبہ بندی کرلیں۔ جہاں ممکن ہو، میٹرو کا استعمال کریں اور متعلقہ علاقوں سے گزرتے یا وہاں جاتے وقت، گھر سے اضافی وقت لے کر نکلیں۔ x

## Assocham BRICS

ایسوسی ایٹیڈ چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری آف انڈیا، ایسوچیم نے برکس کو عالمی اشتراک اور خطۂ جنوب کی مضبوط آواز کے پلیٹ فارم کے طور پر تقویت دینے کی خاطر برکس کو مضبوط کرنے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے وژن کی ستائش کی ہے۔ ایسوچیم کے صدر نِرمَل K. Minda نے کہا کہ برکس اشتراک کو ٹھوس کاروباری نتائج میں تبدیل کرنے کا وزیراعظم کا وژن بیحد اہمیت کا حامل ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ برکس معیشتوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، اسٹارٹ اَپ اور کاروباری شراکت داری کو وسعت دینے سے بے پناہ مواقع کھُل سکتے ہیں اور شمولیاتی اور پائیدار ترقی کے نئے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔x

## EU India FTA

یوروپی کمیشن نے آج بھارت کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدے FTA پر دستخط کرنے اور اِسے نافذ کرنے کیلئے یوروپی کونسل کے سامنے ایک باضابطہ تجویز پیش کی ہے۔ اِس معاہدے کو mother of all deals یعنی اب تک سب سے بڑا تجارتی معاہدہ بتایا جا رہا ہے۔ یوروپی کونسل کی منظوری ملنے کے بعد یہ بھارت اور یوروپی یونین، دونوں کیلئے اب تک کا سب سے بڑا تجارتی معاہدہ ہوگا۔

بھارت اور یوروپی یونین نے رواں سال جنوری میں FTA کو حتمی شکل دینے کا اعلان کیا تھا۔ یوروپی کمیشن کے مطابق معاہدے کے نافذ ہونے کے بعد بازاروں تک رسائی آسان ہوگی، محصولات میں کمی آئے گی اور غیر ضروری تجارتی رکاوٹیں دور ہوجائیں گی۔ اِس سے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے واضح اور قابل اعتماد ضوابط دستیاب ہوں گے۔ x

## Mumbai Sitharaman

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت کو بڑے پیمانے پر تکنیکی جدت طرازی کو اپنانا چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ اِس کیلئے انسانی ذمے داری، تحفظ اور عوامی اعتماد پر کسی طرح کا سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے۔ گلوبل فِنٹیک فیسٹول 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ بھارت کی نوجوان نسل، مواقع کا انتظار نہیں کر رہی ہے، بلکہ خود پلیٹ فارم، کاروباری ادارے اور نئے حل تخلیق کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں آبادی کے تناسب سے حاصل ہونے والا معاشی فائدہ، ملک کے تیزی سے ترقی کرتے ہوئے ٹیکنالوجی اور فِنٹیک ایکو نظام میں نمایاں طور پر نظر آرہا ہے۔ x

## VP Dadra Nagar Haveli

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے دادرا اور نگر حویلی کو ''مِنی انڈیا'' قرار دیتے ہوئے مرکزی خطے کے سماجی تنوع، ثقافتی ورثے اور ہم آہنگی کے جذبے کی ستائش کی۔دادرا اور نگر حویلی اور دمن و دیو کے اپنے پہلے دورے کے دوران نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ مرکزی خطہ، اس بات کی ایک شاندار مثال ہے کہ کس طرح جدت طرازی پر مبنی حکمرانی اور عوامی شرکت ترقی میں تبدیل ہوسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کے مختلف حصوں سے آئے لوگ، خطے کی ترقی میں تعاون کر رہے ہیں اور مل جل کر زندگی بسر کر رہے ہیں۔ x

## Yeman Saudi

یمن میں ایران کی حمایت یافتہ حوثی باغیوں نے بحیرۂ احمر کے دہانے پر واقع آبنائے باب المندیب میں موجود کلیدی اعتبار سے اہم جزیرے ''مایون'' پر قبضہ کرلیا ہے۔ اس کی تصدیق یمن کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حکومت کے ایک اعلیٰ فوجی اہلکار اور ایک حوثی اہلکار نے کی۔ یہ آتش فشاں سے بننے والا ایک چھوٹا اور بنجر جزیرہ ہے، جو یمن کے مغربی ساحل سے تقریباً تین اعشاریہ پانچ کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔سعودی عرب نے اس کے جواب میں اہم بندرگاہی شہر ''موخا'' کے ہوائی اڈے پر فضائی حملے کیے، جس پر حوثیوں نے گزشتہ روز قبضہ کرلیا تھا۔اس سے قبل ایران کی حکومت نے سعودی عرب کی جانب سے یمن کے محاصرے کے خاتمہ کا مطالبہ کیا اور اپنے اتحادی، حوثیوں کی حمایت کا اظہار کیا۔ ایران کی وزارت خارجہ نے سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان مذاکرات کی بحالی کا بھی مطالبہ کیا۔ x

## 9/11 Anniversary

امریکہ میں 11 ستمبر 2001 کو ہوئے دہشت گردانہ حملے کو آج 25 سال مکمل ہوگئے ہیں۔ 11 ستمبر 2001 کو القاعدہ کے دہشت گردوں نے 4 مسافر طیاروں کو اغوا کیا تھا۔ پورے امریکہ میں آج اِن حملوں میں جان گنوانے والوں کیلئے یادگاری تقریبات کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ جان گنوانے والوں میں آگ بجھانے والا عملہ، پولیس افسران، ہنگامی کارکن اور عام شہری شامل تھے۔ نیویارک میں اُس جگہ، جہاں کبھی ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی عمارت تھی، وہاں حملوں میں مارے گئے افراد کے نام باآوازِ بلند پڑھے جارہے ہیں۔ پنٹاگن اور پینسلوانیہ میں واقع فلائٹ 93 نیشنل میموریل پر بھی یادگاری تقریبات کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

اِس دوران، وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ایسے میں جب دہشت گردی کا خطرہ لگاتار بڑھتا جارہا ہے، دہشت گردی کی سبھی شکلوں اور مظاہر کے خلاف بھارت کا عزم، غیر متزلزل رہے گا۔x

## Hockey

جونیئر ایشیا کپ ہاکی میں آج کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں مردوں کی جونیئر بھارتی ٹیم نے ملائیشیا کو تین–ایک سے ہرا دیا۔ اس طرح بھارتی ٹیم، چین کے شہر Moqi میں ہونے والے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

بھارتی کپتان انمول ایکا نے دو گول کئے، جبکہ سکھویندر نے ایک گول کیا۔فائنل میں بھارت کا مقابلہ جنوبی کوریا سے ہوگا۔ جنوبی کوریا، آج شام پاکستان کو چار–ایک سے شکست دے کر فائنل میں پہنچا ہے۔اس دوران خواتین کی جونیئر بھارتی ٹیم، کل سیمی فائنل میں جنوبی کوریا کا مقابلہ کرے گی۔x

**Eve IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات نے کل، ساحلی آندھرا پردیش میں گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کا **Orange** الرٹ جاری کیا ہے۔ کل اتراکھنڈ، آندھرا پردیش، گجرات، کونکن، گوا، مدھیہ ردیش، مہاراشٹر اور چھتیس گڑھ میں تیز بارش کا امکان ہے۔اس دوران محکمۂ موسمیات نے بتایا کہ کل صبح سویرے قومی راجدھانی دلّی کے کئی مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆